سوال

ابھی شادی کو کچھ ہی ماہ ہوئے ہیں اور بیوی حاملہ بھی ہے اور خاوند بیوی کے ساتھ سلوک صحیح نہیں کرتا اسے زدکوب کرتا اور اذیت دیتا ہے، اور بیوی کے اخراجات بھی برداشت نہیں کرتا، اور نہ ہی اسے نماز ادا کرنے مسجد جانے دیتا ہے یہ سب کچھ اس لیے کرتا ہے کہ اس ترکی عورت سے شادی کے بعد وہ ایک نئی مسلمان ہونے والی امریکی عورت سے شادی کرنا چاہتا تھا اور ترکی بیوی نے اس کی اجازت نہیں دی وہ خود بھی امریکی ہے اور اس امریکی عورت سے بغیر شادی کے ایک بچہ بھی جنم دے چکا ہے، کیا یہ ترکی عورت اس سے طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں:

جب خاوند اپنی بیوی کے ساتھ برا سلوک کرتا ہو، اور بیوی اس پر صبر نہ کرسکے اور اس کی برداشت سے باہر ہو جائے، یا پھر خاوند بیوی پر واجب کردہ نفقہ اور اخراجات برداشت نہ کرتا ہو، یا پھر اس طرح کی بری عادتیں ہو جو سوال میں بیان ہوئی ہیں، اور عورت دیکھے کہ اس خاوند سے علیحدہ ہونے میں ہی اس کے دین اور اس کی عفت و عصمت کی حفاظت ہوتی ہے تو اس صورت میں وہ طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے

الشیخ ولید الفریان۔

9481